11452-کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق میں سب سے پہلے پیدا کیئے گئے ہیں۔

سوال

کیا مسلمان کیلیئے یہ جائز ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی کرتے ہوئے یہ کہہ دے کہ اسے اللہ تعالی کی سب سے پہلی مخلوق ؟ ۔

پسندیدہ جواب

محمد صلی اللہ علیہ وسلم مخلوقات میں سب سے افضل اور رتبہ کے اعتبار سے بھی سب سے اعلی وارفع ہیں لیکن وہ مخلوقات میں سے سب سے پہلے نہیں ، بلکہ اللہ تعالی جو چیز سب سے پہلے پیدا فرمائی وہ عرش ہے ، نہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ ہی آدم علیہ السلام ۔

اور جو یہ روایت پیش کی جاتی ہے کہ ، اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نور سے پیدا کیا اور ان کا نام اپنے نام کے ساتھ ملایا ، اور جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور اس میں روح ڈالی گئی تو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام عرش کے پاس لکھا ہوا دیکھا ۔

تو ان روایات میں سے کوئی بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت نہیں اور نہ ہی کوئی صحیح ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .